☆☆☆☆ ☆☆☆ سچ کو سچ کہنا۔۔۔۔۔۔۔۔میری تقصیر ہے ☆☆☆☆ ☆☆☆

DAILY
AHRAR
LAHORE

روزنامہ سرپرست اعلیٰ: سردار افتخار رحیم سکھیرا

احرار

ایڈیٹر انچیف
سردار ریاض رحیم سکھیرا

لاہور

ایڈیٹر: خالد عثمان خان ڈپٹی ایڈیٹر: حافظ مقصود احمد چھینہ ڈائریکٹر مارکیٹنگ: صاحبزادہ محمود

جلد 1 | بدھ 13 مارچ 2024ء 2 رمضان المبارک 1445ھ 31 پھاگن 2080ب صفحات 6 قیمت 15 روپے | شمارہ 217

وفاقی محتسب نے 13 سال پرانے کیس میں ڈیتھ کلیم کی ادائیگی کروادی

وفاقی محتسب نے تمام دستاویزات کا جائزہ لینے کے بعد اسٹیٹ لائف کو حکم دیا تھا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب نے 13 سال پرانے کیس میں ڈیتھ کلیم کی ادائیگی کر ادی۔ بیوہ نسیم بی بی نے وفاقی محتسب آفس لاہور میں درخواست دی کہ اس کے شوہر نے محکمہ اسٹیٹ لائف انشورنس سے ڈیتھ انشورنس کروائی تھی۔ ان کو فوت ہوئے 13 سال ہوگئے ہیں لیکن اسٹیٹ لائف انہیں ڈیتھ کلیم کی ادائیگی میں مسلسل لیت ولعل سے کام لے رہا ہے۔ وفاقی محتسب نے تمام دستاویزات کا جائزہ لینے کے بعد اسٹیٹ لائف کو حکم دیا تھا کہ وہ شکایت کنندہ کو تیس دن کے اندر ڈیتھ کلیم کی ادائیگی کو یقینی بنائے۔ گزشتہ روز وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم پر بیوہ کو ڈیتھ کلیم کا چیک دیدیا گیا۔